# 8891 ـ کیا شادی کرنا دنیاوی عمل ہے یا اخروی

### سوال

کیا شادی کرنا آخروی عمل میں شمار ہوتا ہے یا کہ دنیاوی امور اور اپنی جان کا نصیب شمار ہوتا ہے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر تو اس سے اطاعت و فرمانبرداری اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا کرنا مقصود ہو، یا نیك و صالح اولاد کا حصول، یا اپنی عفت و عصمت اور آنکھ و نظر اور دل و شرمگاہ محفوظ کرنا مقصود ہو تو یہ اخروی اعمال میں شمار ہو گا اور اس پر اسے اجروثواب حاصل ہو گا.

لیکن اگر وہ ان میں سے کسی کا بھی مقصد و ارادہ نہ رکھے تو بھی یہ مباح اور دنیاوی امور اور جان کا نصیب ہے، لیکن ایسا کرنے میں اسے ثواب نہیں ہو گا، اور نہ ہی کوئی گناہ" واللہ تعالی اعلم .